# محترم اساتذہ کرام نور سکول برلین

السلام وعلیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

خیروعافیت کی دعاؤں کے ساتھ۔گزشتہ عرصے میں نور سکول کے سلسلے میں آپ حضرات کی جانب سے ہمیں جو بےلوث تعاون حاصل ہے، اس کے لیے ہم آپ کے تہہ دل سے ممنون ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کے مسائل کو حل کرے،آپ کی سعی کو شرف قبولیت بخشے اور آخرت میں آپ کو اجر کثیر سے نوازے آمین۔

دراصل طلبہ کا شعبہ آپ حضرات کے تعاون کی وجہ سے ہی شروع کیا گیا ورنہ ہم خواتین کے لیے خود کوئی ایسا کام کرنا عملاً ممکن نہ تھا۔ تاہم یہ شعبہ چونکہ نور سکول کے تحت ہی چل رہا ہے اس لیے اس کے نظام کو بہتر اور موثر انداز میں چلانے کے لیے چند سوالات تحریر کر رہی ہوں۔اس ضمن میں آپ کے جوابات ہمارے لیے شعبہ طلبہ کی کیفیت کو سمجھنے اور اسکی بہتری کے لیے اقدامات کرنے میں مدد ومعاون ثابت ہوں گے۔برائے مہربانی آپ مندرجہ ذیل سوالات کے تحریرا جوابات لکھ کر ہمیں بھیج دیں۔

1۔کیا آپ باقاعدہ نصاب یا پلان کے مطابق بچوں کو پڑھا رہے ہیں؟

2۔کیا آپ اپنے موجودہ نصاب اور پلان پر مطمئن ہیں؟

3۔اگر نہیں،تو اس کی کیا وجہ ہے؟اور اس سلسلے میں کیا مشکلات ومسائل در پیش آئے ہیں؟

4۔آپ کے طلبہ کے گروپ میں کتنے بچے موجود ہیں۔ان کی کیا عمر ہے؟

5۔کیا آپ بچوں کی کارکردگی سے مطمئن ہیں؟

6۔کیا ان بچوں کو مختلف گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے؟یا کیا جانا چاہیے؟

7۔اگر مختلف گروپس میں تقسیم کیا جائے تو ان کو پڑھانے کے لیے مزید مرد حضرات کا تعاون کیا لیا جا سکتا ہے؟اس سلسلے میں آپ کی کیا کوشش رہی ہے؟

8۔آپ کا کیا مشورہ ہے،کہ آئندہ کن اصحاب سے رجوع کیا جائے؟

9۔شعبہ طلبہ کی بہتری کے لیے ہم آپ کو کیا تعاون دے سکتی ہیں؟

10۔اس سکول کے نظام کی بہتری کے لیے آپ کے پاس جو مشورے ہیں،وہ لکھ دیں۔

جزاک اللہ

نگران نور سکول برلین